© rasailojaraid.com


# امراءاور افسران بالا کی ماتحتی شرعی اصولوں کے مطابق

افادات: شیخ الحدیث مولانا مغفور اللہ صاحب، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مرتب: مولانا فضل غفور

اِذْ تَبَرَّأَالذین اتُّبِعوا من الذین اتبعوا وَرَ أَواالعذاب وتقطّعت بهم الأسباب وقال الذین اتّبعوا لَوْأن لناکَرّۃً فنتبرّأمنهم کما تبرّء وا منا کذلك یُریهم اللّٰه أعمالهم حسراتٍ علیهم وماهم بخارجینَ مِنَ النّار۔(البقرۃ۔۶۷۔۱۶۶)

ترجمہ: جبکہ وہ لوگ جن کے کہنے پر دوسرے چلتے تھے ان لوگوں سے صاف الگ ہوجائیں گے جو ان کے کہنے پر چلتے تھے اور سب عذاب کا مشاہدہ کرلیں گے اور باہم ان میں جو تعلقات تھے اس وقت سب منقطع ہوجائیں گے اور یہ تابع لوگ یوں کہنے لگے کہ کسی طرح ہم سب کو ذرا ایک دفعہ دنیا میں جانا مل جائے تو ہم بھی ان سے صاف الگ ہوجائیں گے جیسا یہ ہم سے اس وقت صاف الگ ہو بیٹھے۔ اللہ تعالیٰ یونہی ان کی بداعمالیوں کو خالی ارمان کرکے ان کو دکھلادیں گے اور ان کو دوزخ سے نکلنا کبھی نصیب نہ ہوگا۔

ان آیتوں سے قبل اللہ تعالیٰ نے اپنی وحدانیت بیان فرمائی ہے کہ اے لوگو! زمین وآسمان کی پیدائش کی طرف دیکھو، ان کے مابین تمھاری خدمت پر مامور بادلوں کی طرف دیکھو اور مختلف اطراف سے چلنے والی مسخر ہواؤں کو دیکھو جو اللہ تعالیٰ کی قدرت، وجود، لامتناہی علم اور وحدانیت پر دال ہیں۔ ایسے واضح دلائل کے باوجود ایسے لوگ بھی دنیا میں موجود ہیں جو عبادت میں شرک کا ارتکاب کرتے ہیں۔ ''وَمِنَ النّاس من یتّخذ من دون اللّٰهِ أندادًا یُحبّونهم کحبّ اللّٰه'' اور بعض لوگ وہ بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ اوروں کو بھی شریک خدائی قرار دیتے ہیں ان سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی محبت اللہ سے رکھنا ضروری ہے۔ (البقرۃ:۱۶۵)

یہ لوگ اللہ کے علاوہ دوسرے خود ساختہ معبودوں کی عبادت کرتے ہیں۔ ان کے سامنے دستِ سوال دراز کرتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں مومنوں کی نگاہوں اور محبتوں کا محور ومرکز صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، یہ محبت اور یہ رشتہ دنیا کے ہر تعلق اور ہر رشتے سے زیادہ مضبوط اور مستحکم ہے۔ ارشاد باری ہے''وَالذین امنوا أشدّ حبًّاللّٰه '' اور جو مومن ہیں ان کو صرف اللہ کے ساتھ نہایت قوی محبت ہے۔ (البقرۃ:۱۶۵)

کفار کا رشتہ اور تعلق اپنے معبودان باطلہ کے ساتھ تارعنکبوت کی طرح بہت کمزور ہے۔ جب مشکل میں پھنس جاتے ہیں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تو اپنے بتوں کو بھول کر اللہ کی طرف فریاد بلند کرتے ہیں۔ کفار سمندر میں سفر کرتے تھے، جب سمندر کی طغیانی اور موجوں کی زد میں آجاتے اور ہلاکت سامنے نظر آتی تو بتوں کی بجائے اللہ کو پکارتے کہ نجات مل جائے۔ انسان کی یہ بڑی عجیب حالت ہے تکلیف اور پریشانی میں اللہ کو پکارتا ہے، جب تکلیف رفع ہو جاتی ہے تو پھر وہی پرانی سرکشی اور نافرمانی کی طرف لوٹ جاتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں صحیح اور پکا مومن وموحد ہر حالت میں اللہ کی طرف رجوع کر کے اسی کو پکارتا ہے۔ اگر بت پرستوں کو یقین ہوتا کہ ہم پر نازل ہونے والی ہر قسم کی تکلیفوں اور مصیبتوں کا بنیادی سبب یہی بت ہیں تو وہ اُن کی عبادت چھوڑ دیں۔ اس کے برعکس مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ہر تکلیف اور پریشانی اللہ کی طرف سے آتی ہے۔ پھر بھی مومن بندہ اللہ کی عبادت کرتا ہے اور اس کے سامنے عجز کا اظہار کرتا ہے۔ ارشاد باری ہے "مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ" (التغابن: ۱۱) ہر مصیبت خدا ہی کے حکم سے آتی ہے۔

انسان کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے، اللہ کی طرف سے پہنچتی ہے۔ مومن اس عقیدہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے۔ اس کا یقین ہوتا ہے کہ رحمان ورحیم اور محسن اعظم کی طرف سے تکلیف میری اصلاح اور ترقی درجات کا سبب ہے۔ مومن کے اس رویہ اور خصلت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تعلق اللہ کے ساتھ بڑا مضبوط اور پائیدار ہے۔ کفار کی بت پرستی اور غلط عقیدہ کا انجام بھی ملاحظہ فرمائیں۔ "وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا" (البقرۃ: ۱۶۵) اور کیا خوب ہوتا اگر یہ ظالم (مشرکین) جب دنیا میں کسی مصیبت کو دیکھتے تو اس کے وقوع میں غور کر کے سمجھ لیا کرتے کہ سب قوت حق تعالیٰ ہی کو ہے۔

مفسرین "ولویرَ الذین" میں دو قرأتیں بیان فرماتے ہیں۔

❶ ایک قرأت ہے "ولوترَ الذین"، اس صورت میں مخاطب حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تسلی ہے کہ مرتکبین شرک کا انجامِ بد دیکھو۔ اِذ استقبال کے لیے ہے۔ بمعنی اِذَا ہے یعنی کفار جب اس سخت عذاب کو دیکھیں گے تو "لَرَأَيْتَ أَمْرًا فَظِيعًا" آپ ایک سخت معاملہ ملاحظہ فرمائیں گے اللہ تعالیٰ ان مشرکین کو سخت سزا دیں گے اس عذاب کو کفار روک سکتے ہیں نہ بچ سکتے ہیں۔ ارشاد ہے: "فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ" (البلد: ۲۵۔۲۶) پس اس روز تو خدا کے عذاب کے برابر کوئی عذاب دینے والا نکلے گا اور نہ اس کے جکڑنے کے برابر کوئی جکڑنے والا نکلے گا۔

❷ دوسری قرأت ہے "یَریٰ" یا کے ساتھ۔ اس صورت میں رؤیت سے رؤیت علمی مراد ہوگی۔ پھر رویت دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوگی۔ "الَّذِينَ ظَلَمُوا" فاعل ہوگا۔ "أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا" دو مفعولوں کے قائم مقام ہے۔ کفار اور مشرکین کو اگر دنیا میں یقین آجائے کہ آخرت کا عذاب بڑا سخت ہے اور کوئی بچانے والا نہ ہوگا تو کفر وشرک کو چھوڑ دیں گے۔ لیکن کفار کا دنیا میں یہ عقیدہ نہیں۔ قیامت کے دن حاکم اپنے محکوم سے اور غلام اپنے آقا سے کہیں گے کہ تمہاری وجہ سے ہم جہنم میں داخل ہوئے۔ تم ہی ہمیں دنیا میں ہر قسم کے گناہ پر اُکساتے تھے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


مذکورہ آیتوں کے تناظر میں اگر دیکھا جائے تو آج بھی دنیائے کفر کے آلہ کار امراء اپنے ماتحتوں کو مسلمان مجاہدین اور دیگر مسلمانوں کے خلاف پوری قوت اور طاقت سے استعمال کررہے ہیں۔ خود مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کے خلاف ہتھیار اور اسلحہ استعمال کررہے ہیں۔ مجاہدین اسلام پر خود اپنے مسلمان حکمران دہشت گردی کا الزام لگا کر انہیں گرفتار یا شہید کردیتے ہیں، کلمۂ حق بلند کرنے والے علماء کو گرفتار کرکے قید و بند کی صعوبتوں میں مبتلا کررہے ہیں۔ ان ظالم امراء اور ان کے ماتحتوں کے مابین قیامت کے دن اسی قسم کے مکالمے ہوں گے، ایک دوسرے کو بچانا مشکل ہوجائے گا، متبوعین اپنی برأت کا اظہار کریں گے۔ ارشاد باری ہے: ''اِذْ تبرّأ الذین اتُّبعوا من الذین اتَّبعوا ورأو العذابَ وتقطّعتْ بهم الاسباب'' (البقرة: ١٦٦)

جبکہ وہ لوگ جن کے کہنے پر دوسرے چلتے تھے ان لوگوں سے صاف الگ ہوجائیں گے جو ان کے کہنے پر چلتے تھے اور سب عذاب کا مشاہدہ کرلیں گے اور باہم ان میں جو تعلقات تھے اس وقت سب منقطع ہوجائیں گے۔

یہ محکوم لوگ کہیں گے، اگر ایک بار پھر دنیا کی طرف لوٹنے کا موقعہ فراہم کیا گیا تو ان حاکموں اور ظالم امراء کی تابعداری نہ کریں گے۔ لیکن یہ صرف تمنا ہوگی اور اپنی بداعمالی اور نافرمانی پر اظہار افسوس! اس موقع پر جس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، اس لیے کہ ان کے لیے دوبارہ دنیا کی طرف لوٹنا کسی طرح ممکن نہیں، یہ اللہ کا فیصلہ ہے، وہی حاکم مطلق اور بندگی کا مستحق ہے، بادشاہی اور کبریائی صرف اسی کو زیبا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو قانون اور ضابطۂ حیات بنایا ہے، ہمیں اسی کے مطابق اپنی عملی زندگی گذارنے کا حکم دیا گیا ہے اور اسی کے فراہم کردہ عقیدہ کو اختیار کرنے کے مجاز ہیں۔ امراء اور ائمہ کی تقلید اور پیروی بھی اللہ کے حکم سے ہے۔ ''یَاأَیہا الذینَ آمنوا اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول وأولی الامر منکم'' (النساء:۵۹)

''اے ایمان والو! تم اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا کہنا مانو اور تم میں جو لوگ اہل حکومت ہیں ان کا بھی''۔ اولی الامر کی پیروی شرعی دائرہ کے اندر ہے۔ ان کی پیروی کا حکم مطلقاً نہیں بلکہ شرعی اصول کے ساتھ مقید ہے۔ اس لیے حدیث میں ہے ''لَاطَاعَةَ لِمخلوقٍ فِی مَعْصیة الخالق'' اگر امراء کی پیروی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی لازم آتی ہو تو پھر امراء کا حکم نہ ماننا ہی درست ہے۔ مومن کی یہ شان نہیں کہ امراء اور افسران بالا کو خوش کرے اور اللہ تعالیٰ کو ناراض کرے۔ ماتحتوں کو دنیاوی زندگی کے ہر میدان میں سوچنا چاہیے کہ اللہ اور اس کے رسول کا حکم مقدم ہے اور دونوں کی رضا بھی مقدم ہے۔ لیکن بددینی اور بے دینی اتنی عام ہوگئی ہے کہ ماتحت حضرات نہ سوچتے ہیں اور نہ سمجھتے ہیں۔ اپنے امراء اور افسران بالا کے ہر حکم پر لبیک کہہ دیتے ہیں۔ یہ نہیں سوچتے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے بھی جواب دہی ہوگی۔ مومن کو جو محبت اور تعلق ذات باری کے ساتھ ہے، اس کا تقاضہ یہ نہیں، ارشاد باری ہے ''قُلْ اِنْ کان آباؤُکم وإخوانکم وأزواجکم وعشیرتُکم و أموالُ ن اقترفتموها وتجارة تخشوْن کسادها ومساکن ترضونها أحب الیکم من اللّٰہ ورسوله وجهادفی سبیله فتر بصواحتی یأتی اللّٰہ بامره'' (التوبة: ٢٤)

ترجمہ: آپ کہہ دیجیے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیج دیں۔

اگر یہ مذکورہ امور تمہیں اللہ اور اس کے رسول سے زیادہ محبوب ہیں، اسی طرح یہ امور تمہیں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو پھر عذاب کا انتظار کرو۔ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہر حال میں ان کی مرضی اور منشا پر عمل کیا جائے۔ اگر امراء اور افسران بالا کا حکم خلاف شرع ہے تو پھر ان کی نافرمانی اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے بعد سب سے زیادہ حق بندہ پر اس کے والدین کا ہے۔ ان کی اطاعت اور ان کے ساتھ احسان اور نرمی کا حکم ہے۔ والدین کے بہت زیادہ حقوق مذکور ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حقوق کے ساتھ والدین کے حقوق کا تذکرہ فرمایا ہے۔ ''وَاعْبُدوا اللّٰہ ولاتشرکوا به شیئاً وبالوالدین إحسانا'' (النساء:۳۶) اور تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو اور والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرو۔

والدین کے ان حقوق کی اہمیت کے باوجود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کفر و شرک میں والدین کی بات نہ ماننا۔ اگر والدین اپنی اولاد کو شرک کرنے پر مجبور کریں تو ان کی اطاعت نہ کی جائے۔ ''وِانْ جَاهداكَ علىٰ أن تشركَ بی مالیس لَكَ به عِلْمٌ فلاتطعهما'' (لقمان:۱۵) اور اگر تجھ پر وہ دونوں اس بات کا زور ڈالیں تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرا جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہ ہو تو ان کا کہنا نہ ماننا۔ اللہ تعالیٰ نے دنیاوی نظام میں سب کو ایک جیسا نہیں بنایا۔ بلکہ اونچ نیچ ہے۔ کوئی چھوٹا کوئی بڑا ہے۔ کوئی افسر ہے کوئی ماتحت ہے یہ اللہ کا نظام اور انتخاب ہے۔ لیکن ہر چھوٹے بڑے کو اللہ کی ماتحتی قبول کرنا ہوگی۔ یہ مطلب نہیں کہ بڑے چھوٹوں کو شرعی پابندیوں سے آزاد ہو کر ماتحت بنا دیں بلکہ بڑے اور چھوٹے سب اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کی پیروی کریں گے۔

شریعت نے امراء کو یہ حکم دیا ہے کہ مستحقین کو ان کا حق پہنچایا جائے اور لوگوں کے مابین باہمی نزاع کے فیصلے اور جھگڑوں کے تصفیے انصاف کے ساتھ کیے جائیں، ظلم اور ناانصافی سے بچا جائے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہ کرام کو کسی علاقہ میں بھیجتے تو وصیت فرماتے ''واتقِ دعوة المظلوم فانّه لیس بینها وبین اللّٰه حجاب'' مظلوم کی بددعا سے ڈرو کیوں کہ اس کے اور اللہ کے مابین کوئی حجاب نہیں ہوتا۔ یہ الگ بات ہے کہ قبولیت بدیر ہو، قرآن وسنت کی پیروی ہی میں امن اور عزت کا پیغام ہے، ہمیں کیا ہوا کہ اسلامی امن اور عزت نہیں چاہتے۔ اسلام کے نام میں سلامتی ہے۔ اگر کسی مسلمان میں امن وسلامتی کی خصلت نہ ہو تو اس میں اسلام کہاں سے آئے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ''اَلْمُسلمُ من سَلِمَ المسلمون من لسانه ویده'' مسلمان تو دوسروں کو اپنی زبان اور ہاتھ سے سلامتی مہیا کرتا ہے۔ دوسروں کو اپنی ہر ایذاء سے بچائے گا۔ ایک اور ارشاد ہے: ''وَالمؤمنَ منْ اَمِنَه النّاسُ علیٰ دمائهم واَموالهم'' یعنی مومن دوسرے کے جان ومال کا محافظ ہوتا ہے۔ یہ ایک بڑا المیہ ہے کہ مسلمان امن وسلامتی اور صلح وآشتی کے دین سے دور ہوئے جا رہے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس اور اعلیٰ پیغامات سے روگردانی کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو ہدایت کاملہ عطا فرمائے، آمین۔ ☆☆☆


© rasailojaraid.com